پُراسرار علوم کی نایاب کتاب
کرشماتِ ہُد ہُد
تالیف: سید ابوالاسد وارثی
نظرثانی: حاجی پیر سید مرتضیٰ علی کرمانی

کرشماتِ ہُدہُد

تصنیف

حضرت پیر سید ابوالاسد وارثی

پبلشرز

عظیم اینڈ سنز پبلشرز

المعراج سنٹر 22 اردو بازار لاہور

0423-7232806

حاجی محمد عظیم بٹ عظیمی قادری
نے مئی 2014ء میں رانا عنایت
پریس سے چھپوا کر اردو بازار لاہور سے شائع کی۔

قیمت/80 روپے

عظیم اینڈ سنز پبلشرز
الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور 0423-7231806
المعراج سنٹر، اردو بازار، لاہور 0423-7211207

ممتاز پبلی کیشنز
المعراج سنٹر، اردو بازار، لاہور

اگر کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع کریں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے۔
(ادارہ)

فہرست مضامین

متفرق عملیات حب

اجازت نامہ عملیات

جو بھی انسان یعنی مرد ہو یا عورت درود شریف سوا لاکھ کی تعداد میں سات روز، گیارہ روز، اکیس روز یا چالیس روز میں پڑھ کر اس کی زکوٰۃ ادا کرے، اس کو زیر نظر کتاب کے تمام اعمال کرنے کی اجازت ہے۔

گذارش ہے کہ اپنے جائز اور شرعی دنیاوی مقاصد کے حصول کے لئے اس کتاب میں دیئے گئے اعمال سے استفادہ کریں۔ ناجائز اور غیر شرعی امور کے آپ خود ذمہ دار ہونگے۔

پیر سید ابوالاسعد وارثی

اعضائے ہُد ہُد کے اعمال

عملیات ہد ہد اپنی نوعیت کے بالکل نئے اور انوکھے عملیات ہیں۔ سب سے پہلے ہم اپنے معزز قارئین کرام کی خدمت میں ہد ہد جو کہ ایک معروف پرندہ ہے اس کے جسمانی اعضا کے مطابق عملیات رقم کرتے ہیں۔ بمطابق شرائط ان کو اگر کیا جائے گا تو ہر صورت میں اللہ کریم کے فضل و کرم سے کامیابی نصیب ہوگی۔

خون سے:

یہ عمل ہد ہد کے تازہ خون سے کیا جاتا ہے۔ اگر کسی کی خواہش ہو کہ وہ اعلیٰ حکام یا اپنے افسران بالا یا کسی وزیر مشیر کی نظروں میں عزت و تکریم حاصل کرے اور اس کے لئے اس کی اہمیت بڑھ جائے تو اس شخص کو چاہیے کہ وہ ہد ہد کے تازہ خون سے یعنی بجائے روشنائی کے پاک قلم کے ساتھ وہ کلمات طیبات لکھے جو کہ سب سے آخر میں درج کئے گئے ہیں تو اس کو اپنے نیک مقاصد میں ضرور کامیاب حاصل ہوگی۔

نقش تیار کر کے خشک ہونے کا انتظار کریں اور خشک ہونے کے بعد موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھیں اور تاثیر ملاحظہ فرمائیں۔

مغز سے:

خدانخواستہ اگر کسی شخص کی قوت مردی باندھ دی گئی ہو یعنی شہوت کی بندش کر دی گئی ہو اور وہ شخص اپنی بیوی کے ساتھ وظیفۂ زوجیت ادا کرنے سے

معذور ہو تو اسے چاہئے کہ وہ نوچندی اتوار کی رات کو کلمات مذکورہ ہدہد کے مغز پر پڑھے اور قضیب پر طلاء کرے۔

امید ہے کہ پہلی مرتبہ کے عمل سے ہی شہوت کھل جائے گی اور قوت مردی ان شاء اللہ تعالیٰ بحال ہو جائے گی۔

پروں سے:

اگر ایسے حالات پیدا ہو جائیں کہ کوئی شخص یا چند لوگ کسی کو اپنی زبان درازی سے تنگ کرتے ہوں اور اس کے خلاف جگہ جگہ باتیں کرتے ہوں تو اس کو چاہئے کہ ان کی زبان بندی اپنی عزت بچانے کے لئے کرے۔ اس مقصد کے لئے چاہئے کہ ہدہد کے پروں پر بروز اتوار کلمات مذکورہ کو پڑھے اور ان کو کسی دہکتے ہوئے تنور میں ڈال دے۔

ان شاء اللہ بدکلاموں کی بدکلامی بند ہو جائے گی۔ تاکید ہے کہ یہ عمل اس صورت میں کیا جائے جب بدکلاموں کو سمجھانے بجھانے کا کوئی فائدہ دکھائی نہ دیتا ہو اور متاثرہ شخص کی عزت و ناموس خطرے میں دکھائی دیتی ہو۔ اگر اس کے برعکس کرے گا تو نقصان کا ذمہ دار خود ہوگا۔

زبان سے:

خدانخواستہ اگر کسی کی زبان میں لکنت ہو یا وہ بولنے میں اٹکتا ہو اور اس طرح ان کی عزت محفل میں خراب ہو اور ہر جگہ اس کا مذاق اڑایا جاتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اپنی اس حالت کو دور کرنے کے لئے ہدہد کی زبان لے کر اس پر کلمات مذکورہ پڑھے اور اس کو موم جامہ کر کے اپنے کسی بھی بازو پر باندھے۔

ان شاء اللہ العزیز لکنت جاتی رہے گی اور اس کی گفتگو میں روانی پیدا ہو جائے گی۔ اب لوگ اس کا مذاق بھی نہیں اڑائیں گے کیونکہ اس کی گفتگو میں روانی

پیدا ہو جائے گی۔

منقار سے:

خدانخواستہ اگر کوئی کسی عورت یا مرد پر ناجائز قسم کے اور نہایت گھٹیا قسم کے الزام لگاتا ہو اور اپنوں اور غیروں میں بدنام کرتا پھرے تو وہ عورت یا مرد اس کی زبان بندی کے خواہاں ہوں تو چاہیے کہ ہدہد کی منقار پر بروز اتوار کلمات مذکورہ پڑھے۔

پڑھنے کے دوران اس شخص کی زبان بندی کا تصور قائم کرے جو بدنام کر رہا ہے۔ پڑھنے کے بعد منقار کو کسی ایسی جگہ دفن کر دینا چاہئے جہاں آگ دہک رہی ہو امید ہے کہ وہ اپنی کلامی سے باز آ جائے گا۔

تاج سے:

اگر کسی کی خواہش ہو کہ وہ جہاں بھی جائے اس کی عزت افزائی کی جائے اور اس کی قدر و منزلت میں ہر جگہ اضافہ ہو تو اس کو چاہئے کہ ہدہد کے تاج پر کلمات مذکورہ پڑھے اور تاج کو اپنی پگڑی یا ٹوپی میں پوشیدہ کر کے اپنے سر پر پہنے۔ ان شاء اللہ وہ ضرور اپنے نیک مقاصد میں کامیاب و کامران ہوگا۔
دھیرے دھیرے اس کے مراتب میں اضافہ ہوگا۔ اب لوگ اس کی حد درجہ عزت و تکریم کرنا شروع کر دیں گے۔

دائیں آنکھ سے:

خدانخواستہ اگر کسی کو شب کوری ہو اور ہر جگہ سے علاج کروا کروا کر مایوس ہو چکا ہو تو اسے چاہیے کہ ہدہد کی داہنی آنکھ لے کر اس پر کلمات مذکورہ پڑھے۔ پڑھنے کے بعد اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے صحت حاصل ہوگی۔

بائیں آنکھ سے:

اگر کسی کی خواہش ہو کہ اس کا محبوب یا بیوی یا شوہر یا دوست یا کوئی بھی عزیز رشتہ دار اس کے ساتھ حد درجہ محبت سے پیش آئے۔ یا اس کا افسر اس سے اچھا سلوک کرے تو چاہیے کہ ہدہد کی بائیں آنکھ پر کلمات مذکورہ پڑھے۔ پڑھنے کے بعد اس کو موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال لے۔ یقینی کامیابی حاصل ہوگی۔

دائیں پاؤں سے:

اگر کسی کو باد خام ہو تو اسے چاہیے کہ ہدہد کے داہنے پاؤں پر کلمات مذکورہ پڑھے۔ پڑھنے کے بعد اس کو اپنے بازو پر باندھے۔ باد خام کو دور کرنے میں کامیابی حاصل ہوگی۔

بائیں پاؤں سے:

اگر ایسی صورت حال پیش آجائے کہ کوئی شخص دفتر میں یا جس جگہ بندہ کام کرتا ہو اس کے خلاف غلط باتیں پھیلاتا ہو اور اس شخص کی ملازمت اور عزت خطرے میں ہو تو اسے چاہیے کہ اس شخص کی بدکلامی روکنے کی نیت کرے اور ہدہد کے بائیں پاؤں پر کلمات مذکورہ پڑھے۔ پڑھنے کے بعد اس کو اپنے گلے میں ڈال لے۔ مخالف کی بدکلامی بند ہو جائے گی۔

کھال سے:

اگر کسی کو ایسی صورت حال کا سامنا ہو کہ کوئی عورت اس کے پیچھے پڑ جائے اور اس وجہ سے اس کی عزت و ناموس خطرے میں ہو اور وہ چاہے کہ اس عورت کی شہوت کو باندھ دے تاکہ وہ اس کے گلے نہ پڑے تو اس کو چاہیے کہ ہدہد کی کھال پر کلمات مذکورہ لکھے اور ایک بار پڑھ کر اس پر دم بھی کرے۔ ضرور بہ

ضرور وہ عورت بستہ ہوگی اور اس شخص کی جان چھوٹ جائے گی۔

ناخن سے:

اگر کسی عورت کو اس بات کا یقین ہو جائے کہ بذریعہ عمل اس کی شہوت کو باندھ دیا گیا ہے جس کی وجہ سے اس کی ازدواجی زندگی اجیرن ہو گئی ہو اور گھر اجڑنے کا خطرہ ہو تو اسے چاہیے کہ ہدہد کے ناخنوں پر کلمات مذکورہ پڑھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ ضرور کامیابی حاصل ہوگی اور وہ پھر سے اپنے گھر میں شاد و آباد ہوگی۔

دائیں بازو کے پروں سے:

اگر کسی کو ایسی صورت حال پیش آجائے تو کچھ لوگ اس کے خلاف ہوں اور وہ چاہے کہ ان کا گٹھ جوڑ ختم ہو جائے یا یہ کہ کسی کا خاوند یا کسی کی بیوی کسی کے ساتھ تعلق استوار کر رہے ہوں تو ان کے درمیان جدائی ڈالنے کے لئے چاہیے کہ ہدہد کے دائیں بازو کے تین پروں پر کلمات مذکورہ پڑھے اور اپنا مقصد ذہن میں رکھے۔

پڑھنے کے بعد اس پر دم کر کے کسی بھی ویران جگہ میں دبا دے۔ ان شاء اللہ اپنے مقصد میں ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

بائیں بازو کے گوشت سے:

خدانخواستہ اگر کسی کا بازو ٹوٹ گیا ہو یا اس کے بازو میں بوجہ شدید درد رہتا ہو اور باوجود علاج و معالجے کے آرام نہ آتا ہو تو اسے چاہیے کہ ہدہد کے بائیں بازو پر کلمات مذکورہ پڑھے اور پڑھنے کے بعد دم کر کے اپنے متاثرہ بازو پر باندھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یقینی طور پر آرام حاصل ہوگا۔

بائیں بازو کے پروں سے:

اگر ایسی صورت حال ہو کہ چند دوستوں یا میاں بیوی یا بہنوں اور بھائیوں یا عزیز و اقارب میں باہمی پیار و محبت نہ ہو تو چاہیے کہ اس مقصد کے لئے ہدہد کے بائیں بازو کے تین پروں کے اوپر کلمات مذکورہ صدق نیت سے پڑھ کر دم کرے اور کسی مسجد کی دیوار کے نیچے دبا دے۔ ان شاء اللہ العزیز اپنے نیک مقاصد میں کامیابی و کامرانی حاصل ہوگی۔

دائیں بازو کے گوشت سے:

اگر کوئی خاتون بانجھ ہو یعنی اس کے گھر اولاد نہ پیدا ہوتی ہو اور ایسی صورت حال پیدا ہو چکی ہو کہ اس کی وجہ سے اس کا گھر اجڑتا ہوا معلوم ہو تو چاہیے کہ ہدہد کے دائیں بازو کے گوشت پر کلمات مذکورہ پڑھ کر دم کرے اور خاتون اپنی کمر میں باندھے۔ بفضلہ تعالیٰ اولاد کی نعمت حاصل ہوگی۔

ہڈیوں سے:

خدانخواستہ اگر کسی کو باؤ کا اثر ہو گیا ہو اور کسی بھی طرح آرام و سکون حاصل نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ ہدہد کی ہڈیوں پر کلمات مذکورہ پڑھ کر دائیں بازو پر باندھے۔ بفضلہ باری تعالیٰ اس کو مکمل آرام حاصل ہوگا۔

گوشت سے:

خدانخواستہ اگر کسی کو بھی بادسور ہو اور اس کی پریشانی میں اضافہ ہی ہوتا چلا جا رہا ہو تو اس کو چاہیے کہ ہدہد کے گوشت کو اچھی طرح صاف کر کے اس پر مذکورہ کلمات پڑھے۔ پڑھنے کے بعد اس پر دم کر کے باندھے۔ بفضلہ باری تعالیٰ بہت جلد شفا پائے گا۔

سالن سے:

خدانخواستہ اگر کسی کو بھی کسی بھی قسم کی سستی ہو اور اس کا دل کسی بھی کام کے کرنے پر آمادہ نہ ہو تو چاہیے کہ ہدہد کے گوشت و ہڈیوں کا سالن پکا کر کھائے۔ کھانے سے پہلے اس سالن پر کلمات مذکورہ پڑھ کر دم کرے۔ فوری طور پر سستی ہر قسم کی دور ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ العزیز۔

کلمات مذکورہ:

ہم درج بالا سطور میں جن کلمات کا بار بار ذکر کرتے آئے ہیں۔ ان سے کما حقہ استفادہ حاصل کرنے کے لئے بزرگوں کا ارشاد ہے کہ اس کو مقررہ تعداد میں پہلے پڑھ لیں اور پھر اس کے کرشمات کا نظارہ کریں۔ طریقہ زکوٰۃ یوں ہے کہ کلمات مذکورہ کی سوا لاکھ کی تعداد کو چالیس ایام میں متواتر پڑھیں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد عامل بن جانے والا شخص جس کو بھی پڑھ کر دے اس کو مکمل فائدہ حاصل ہو۔ مجرب و اکسیر عمل معجز نما ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا اللّٰهُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ يَا اَنْتَ الْمَلِكُ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَلِيْلٌ يَا رَزَّاقُ يَا رَبُّ يَا وَارِثُ يَا مُحِبُّ يَا شَفِيْقُ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

عملیاتِ ہدہد

موذی حشرات الارض سے نجات:

مشہور و معروف روایت ہے کہ ایک روز نبی مکرم شفیع معظم ﷺ کسی جنگل میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ہمراہ موجود تھے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ یا حبیب اللہ ﷺ جہاں پر ہم لوگ خیمہ زن ہیں وہاں تو سانپوں، بچھوؤں اور بجزوں کی بہتات ہے۔ کہیں کسی کو نقصان ہی نہ پہنچ جائے۔

آقائے نامدار باعث وجہ وجود کائنات فخر دو عالم محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ ﷺ نے یہ سن کر ارشاد فرمایا کہ ہدہد کا شکار کر کے لاؤ۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ہدہد کا شکار کیا اور لاکر آقائے دو عالم ﷺ کے حضور پیش کیا۔

رسول کریم رؤف الرحیم ﷺ نے فرمایا کہ اس کا سالن پکا کر کھا لو اور اس کے پروں کو کھلی جگہ پر جلاؤ۔ روایت ہے کہ جونہی ہدہد کے پروں کو جلایا گیا اس تمام جگہ سے جہاں پر پڑاؤ تھا سانپ، بچھو اور بجز بھاگ کھڑے ہوئے اور دوبارہ دکھائی نہ دیئے۔ بس اس کا دھواں پہنچنے کی دیر تھی۔

چنانچہ بزرگوں کا ارشاد ہے کہ اگر کسی کے گھر یا فیکٹری یا کارخانہ میں یہ صورت حال ہو تو اس صورت حال سے چھٹکارا پانے کے لئے اس جگہ پر اس طرح ہدہد کے پروں کو جلایا جائے کہ تمام اطراف میں اس کا دھواں باآسانی پہنچ جائے پھر یہ شکایت ختم ہو جائے گی۔ واللہ اعلم۔

جدائی کے لیے:

اگر کسی گھر میں یہ صورت حال پیدا ہو جائے کہ کسی کا خاوند یا کسی کی بیوی خدانخواستہ راستہ سے بھٹک جائیں اور کسی غیر کے ساتھ ان کا تعلق قائم ہو جائے یا کوئی لڑکا یا لڑکی ایسی صورت حال کا شکار ہو جائے جس کی وجہ سے اس کے گھر والے حد درجہ پریشان ہوں اور وہ ان کے غلط تعلق کو ختم کرنا چاہتے ہوں تو چاہیے کہ درج ذیل عمل صدق دل سے کریں۔

عمل کا طریقہ یوں بیان کیا گیا ہے کہ ہدہد کی نوک زبریں پیس کر اس کو کسی بھی میٹھی چیز میں ملا کر اس کو کھلا دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مقصود حاصل ہو گا مگر کامیابی کے لئے پورا یقین و اعتماد حد درجہ ضروری ہے۔

زہر کے اثر سے نجات:

خدانخواستہ اگر کسی نے زہر کھا لیا ہو یا کسی نے دشمنی، بغض یا عداوت کی وجہ سے اسے کھلا دیا ہو اور اس کی حالت غیر ہوتی جا رہی ہو تو بزرگوں نے ذیل کا عمل تجویز کیا ہے جو کہ حد درجہ مجرب و اکسیر ہے۔

طریقہ کچھ یوں ہے کہ ہدہد کے گوشت اور ہڈیوں کو دھوپ میں نہیں بلکہ سایہ میں خشک کریں۔ جب بالکل خشک ہو جائے تو اس کو متاثرہ شخص کو کھلا دیں۔ بفضل باری تعالیٰ زہر کا اثر معدوم ہو جائے گا اور مریض بہت جلد صحت یاب ہو جائے گا۔

بلیات سے نجات:

خدانخواستہ اگر کسی گھر میں دکان میں یا فیکٹری و کارخانہ میں بلاؤں نے ڈیرے لگا لئے ہوں اور نجات کا کوئی راستہ دکھائی نہ دیتا ہو تو بزرگوں نے ذیل کا عمل اس صورت حال سے نجات کے لئے تجویز کیا ہے جو کہ حد درجہ اکسیر

دشمنوں کا گھر ویران ہو

اگر کسی کو اس کے دشمنوں نے حد درجہ تنگ کر رکھا ہو اور اس کو کسی بھی طرح سکھ کا سانس نہ لینے دیتے ہوں تو اسے چاہئے کہ کسی طرح دشمن کے گھر میں ہدہد کے پروں کا گوشت جلائے۔ اس کے بعد دشمنوں کا گھر ویران ہو جائے گا۔

ہر کوئی عزت کرے:

اگر کسی کی خواہش ہو کہ ہر کوئی اس کی عزت و تکریم کرے تو اسے چاہئے کہ ہدہد کے پروں اپنے پاس رکھے۔ ہر کوئی اس کو پسند کرے گا اور اس کی عزت کرے گا۔

تھکاوٹ سے نجات:

اگر معمولی چلنے پھرنے یا کوئی بھی کام کاج کرنے سے شدید تھکاوٹ کا احساس ہوتا ہو تو اس سے نجات حاصل کرنے کے لئے ہدہد کے دائیں پاؤں کی ہڈیاں اپنے پاس رکھے تھکاوٹ سے یقینی نجات حاصل ہوگی۔

وظیفہ زوجیت میں تھکاوٹ نہ ہو:

اگر ایسی صورت حال پیدا ہو جائے کہ اپنی زوجہ کے ساتھ وظیفہ زوجیت ادا کرتے شدید تھکاوٹ محسوس ہوتی ہو تو اس کو چاہئے کہ ہدہد کی زبان کو اپنے پاس رکھے۔ پھر وظیفہ زوجیت کے بعد تھکاوٹ نہ ہوگی۔

بیوی اپنے راز اگل دے:

اگر چاہے کہ اس کی بیوی دل کے راز اگل دے تو چاہیے کہ ہدہد کا

سوئی ہوئی بیوی کے دل کے مقام پر رکھ دے۔ تب اس کی بیوی فوراً راز اگلنے لگے گی اور اس کو اس بات کا احساس بھی بعد میں نہ ہوگا کہ اس نے راز اگل دیا ہے۔

سنگ دل محبوب موم ہو

اگر کسی کا محبوب سنگدل ہو اور کسی بھی طرح التفات نہ کرتا ہو تو چاہئے کہ ہدہد [illegible] اپنے [illegible] محبوب سے [illegible] یقیناً محبوب موم ہو جائے گا اور اس سے محبت سے پیش آئے گا۔

مطیع و فرمانبردار کرنے کے لئے

کسی کو اپنا مطیع [illegible] اگر مقصود ہو تو چاہئے کہ ہدہد کے ناخن اور اپنے ناخن [illegible] حاصل شدہ راکھ کو کسی میٹھی چیز میں ملا کر اس کو کھلا دے۔ یقیناً وہ جس کو مطیع و فرمانبردار کرنا چاہتا ہے وہ مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔

مطلوب حاصل ہو:

اگر کوئی بھی جائز مقصد کے لئے کسی کو حاصل کرنا چاہے یعنی اس کے ساتھ نکاح کی تمنا ہو تو اس مقصد کے حصول کے لئے بزرگوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہدہد کی چونچ کو کاٹ کر اس کا باریک چورن کر کے کسی بھی میٹھی چیز میں ملا کر کھلا دینے سے کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

تاکید کی جاتی ہے کہ یہ عمل بھی اور دیگر اعمال میں سے کوئی بھی عمل ہرگز ہرگز ناجائز مقاصد کے لئے نہ کیا جائے۔ اگر اس کے باوجود کوئی عورت یا مرد کرے گا تو اس کے نقصان اور گناہ کا ذمہ دار وہ خود ہوگا۔ یہ عمل بھی شرعی ضرورت

مجربات علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ

درج ذیل عملیات مجربات علامہ جلال الدین سیوطی سے ماخوذ ومنتخب ہیں جس کی افادیت مسلمہ ہے اور جنہیں لاتعداد لوگوں نے آزمایا ہے۔ ملاحظہ فرمایئے

عورت مسخر ہو:

اگر کسی عورت کو مسخر کرنا مقصود ہو تو اس کے لئے چاہیے کہ ہدہد کے ناخن اور اپنے ناخن کاٹ کر اچھی طرح جلائے اور ان کی راکھ کو بالکل باریک پیس کر مطلوبہ عورت کو کسی بھی شیریں پانی میں حل کر کے پلادے۔ مطلوبہ عورت اس کے حب میں شدت سے بے قرار ہوگی۔

تسخیر خلائق کے لئے:

اگر کسی کی یہ خواہش ہو کہ ہر انسان اس کے ساتھ محبت والفت سے پیش آئے تو اس کو چاہیے کہ ہدہد اور ابابیل کی ایک ایک آنکھ بطور تعویذ اپنے پاس رکھے۔

اب جو بھی اس کو مس کرے یا مصافحہ کرے گا ہمیشہ اس کے ساتھ عزت وتکریم کے ساتھ پیش آئے گا۔ اور جو لڑنے کی کوشش کرے گا مغلوب ہوگا۔ لیکن غلط و ممنوعہ کاموں کے لئے ہرگز استعمال نہ کیا جائے ورنہ گناہ کرنے کا عذاب شدید ہوگا۔

کسی کے دل کا حال سننے کے لئے

اگر یہ خواہش ہو کہ کسی سے اس کے دل کا حال سنا جائے یعنی اس کی زبانی سن لیا جائے تو اس کے لئے ہدہد کی دائیں آنکھ کی ضرورت ہے۔ سوتے ہوئے کے سر کے نیچے رکھ دی جائے تو وہ اپنے دل کے حال کو بیان کرنا شروع کر دے گا اور اس کو جاگنے کے بعد اس کا علم ہی نہ ہوگا۔

حمل قائم رہے:

خدانخواستہ اگر ایسی صورت حال پیش آجائے کہ کسی خاتون کو حمل تو ہو جاتا ہو مگر ٹھہرتا نہ ہو تو یہ بہت پریشان کن مرحلہ ہو جاتا ہے کیونکہ بسا اوقات تو گھر اجڑنے کا بھی خطرہ محسوس ہونے لگتا ہے۔ ایسی صورت حال اگر ہو تو جب متاثرہ خاتون حیض سے پاک وصاف ہو جائے تو دو تین روز تک متواتر دن میں ایک وقت ہدہد کا شوربہ پئے اور اس دوران اپنے خاوند سے قربت نہ کرے۔

دو تین روز کے پرہیز کرنے کے بعد اپنے خاوند سے مقاربت کرے۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ کے فضل وکرم سے اولاد کی نعمت سے سرفراز ہوگی اور حمل کے نہ ٹھہرنے سے جو پریشانی لاحق ہو چکی تھی دور ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

جوؤں کا یقینی خاتمہ:

اگر ایسی صورت حال پیدا ہو جائے کہ کسی گھر میں زیادہ تر افراد کے سروں میں یا چند ایک کے سر میں جوؤں نے بسیرا کر رکھا ہو اور ہر طرح کے علاج سے بھی دور نہ ہوتی ہوں تو ہدہد کا تاج لے کر آگ میں جلائے اور حلوے میں ملا کر جوؤں والے سر پر لگائیں۔ جوؤں کا یقینی خاتمہ ہو جائے گا۔

ہڈیوں سے بالکل ہی مختلف ہوگا جو بالکل سفید رنگ والی ہڈی ہوگی وہی عصا
موسیٰ ہوگی۔ بتایا جاتا ہے کہ اگر اس ہڈی پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اسم مبارک لکھ کر
وقتوں لکھ کر اپنے ہاتھ میں پکڑ کر کسی کو تا ... ہاتھ لگائے تو ناممکن جیسی چیز بھی
حل ہو جاتا ہے۔

محبت کے لئے

یہ بھی عجیب تاثیر والا عمل ہے اگر محبت میں اضافہ اور استحکام کے مقصد سے نر ہدہد کا دل عورت کو اور مادہ ہدہد کا دل مرد کو کسی بھی کھانے میں پکا کر کھلایا جائے تو وہ کھانے والا یا کھلانے والی کی محبت و الفت میں فریفتہ ہو۔

بند شہوت کھولنے کے لئے:

عملیات کے ذریعہ سے کسی عورت یا کسی مرد کی یا دونوں میاں بیوی کی شہوت کو باندھ دیا گیا ہو اور وہ وظیفہ زوجیت ادا کرنے سے معذور ہو جائیں تو اس کو کھولنے کے لئے ہدہد کے سات انڈے حاصل کرے اس کو اچھی طرح ابال لیں۔ جب انڈے ابل جائیں تو ان پر درج ذیل کلمات زعفران اور عرق گلاب سے لکھیں۔ کلمات یہ ہیں:

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ط اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ط
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ

جب تحریر خشک ہو جائے تو اب کسی صاف و پاک تیز چھری کے ساتھ ان انڈوں کو باری باری درمیان میں سے آدھا آدھا کاٹیں اور ایک حصہ مرد کھائے تو دوسرا حصہ عورت کھائے۔ اسی طرح سات انڈے کاٹ کر میاں بیوی کھا لیں۔ ان شاء اللہ بندش کھل جائے گی۔

گائے اپنے بچھڑے سے محبت کرے

اگر ایسی صورت حال پیش آجائے کہ کسی کی گائے اپنے بچھڑے سے نفرت کرنے لگے تو یہ بڑی پریشان کن صورت حال ہو جاتی ہے کیونکہ اس طرح وہ آرام و سکون سے دودھ نہیں دیتی۔
اگر ایسی صورت حال پیش آجائے تو پھر ہدہد کی چونچ لے کر گائے کے گلے میں ڈوری کے ساتھ لٹکا دیں۔ ان شاء اللہ العزیز اپنے بچھڑے کے ساتھ محبت کرنے لگے گی۔

بچہ نیند میں نہ چونکے:

خدانخواستہ اگر بچہ کسی گہری نیند میں سویا ہونے کے باوجود گھڑی گھڑی چونک اٹھتا ہو تو اس کو رفع کرنے کے لئے ہدہد کا دایاں پاؤں اچھی طرح دھو کر صاف کر کے بچے کے گلے میں لٹکا دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ نیند میں سویا ہوا جاگے گا نہیں۔

بدخوابی دور ہو:

اگر کسی کو آرام و سکون کے ساتھ نیند نہ آتی ہو اور وہ گہری نیند کو ہی ترس جائے تو اس کو یہ چاہئے کہ ہدہد کا دایاں پاؤں اپنے گلے میں ڈوری کے ساتھ لٹکا لے۔ ضرور گہری نیند آئے گی۔ یہ بات ضرور یاد رکھیں کہ اگر بایاں پاؤں باندھ لیا تو ہرگز نیند نہ آئے گی۔

غیبی مخلوق نظر آئے:

اگر کسی کی یہ خواہش ہو کہ اس کو جنات اور پریاں یا دیگر غیبی مخلوق دکھائی دے تو اس کو چاہئے کہ ہدہد کو لے کر اس کو ہدہد کے ہی پتہ کے ساتھ

میں شامل کرلے۔

اس طرح دونوں جب یکجان ہو جائیں تو اس مشترکہ خون کو روغن چنبیلی میں ڈال کر اچھی طرح ملائیں اور ململ کے باریک سے چراغ میں ڈال کر اس میں نئی اور پاک روئی کی بتی بنا کر جلائیں اور حسب طریقہ کاجل تیار کریں۔

جب کاجل تیار ہو جائے تو کسی ڈبیہ وغیرہ میں اس کو محفوظ کرلیں اور جب بھی اس کو استعمال کرنا ہو یعنی آنکھوں میں لگانا ہو تو کلمات مذکورہ کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر اس پر پھونک مار کر آنکھوں میں لگائیں۔ پتھر سے پتھر دل بھی فریفتہ ہو جائے گا۔ مجرب و اکسیر ہے۔

کلمات مذکورہ یہ ہیں

گَاکَهْطْ وَاکَهْطْ گَاکَیْطْ طَتْ طَکَا کُوْطَا طَاتْ طُوْکَا
کَیْطْ طِیْتْ کَطُوْتْ کُوْکَطْ

مطلوب خود طالب بن جائے:

درج ذیل عمل کی بدولت سنگ دل سے بھی سنگ دل مطلوب خود طالب بن جاتا ہے۔ عمل کا طریقہ یوں بیان کیا گیا ہے کہ جب زہرہ برج حمل کے پچیسویں درجہ میں پہنچے اس طرح پر کہ قمر ان کے ساتھ تثلیث یا تسدیس کی نظر رکھتا ہو اور مریخ اس سے ساقط ہو تو اس وقت عامل یہ عمل اس طرح کرے کہ ہدہد کا دماغ حاصل کرے اور اس وزن کے برابر اپنا خون بھی بذریعہ سرنج نکال کر اس میں شامل کرلے۔

اب دونوں کو یکجا کر کے اچھی طرح کھرل کرے اور اتنی ہی مقدار میں اس میں مشک خالص بھی ملا کر کھرل کرے۔ جب تمام اشیاء یکجان ہو جائیں تو چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر اپنے پاس محفوظ کرلے۔ اس کی ایک ہی گولی جس کو بھی کھلا دے گا تو مطلوب خود طالب بن جائے گا اور اپنے طالب کی محبت میں

وارفتہ ہو جائے گا۔ یوں کہیے کہ طالب کا سچے دل سے دیوانہ ہو جائے گا۔ یہ عمل بھی بہت اکسیر ہے اور مجرب بھی ہے۔

آنکھوں میں جادو بھر جائے

اگر کسی کی یہ خواہش ہو کہ کسی کو اپنی محبت والفت میں دیوانہ بنا ڈالے اور اس بات کی بھی توقع نہ ہو کہ بات کر بھی سکے گا یعنی اظہار نہ کر سکے تو اس کے لئے بزرگوں نے یہ عمل بتایا ہے کہ جمعہ کے تازہ وضو پر آیت الکرسی ایک سو مرتبہ پڑھ کر اور سورۂ یوسف ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے۔

اب اس وقت کا انتظار کرے جب مطلوب کے سامنے جانے کا موقع میسر ہو۔ جب ایسا موقع آئے تو اس خون کو اپنی آنکھوں میں سرمہ والی سلائی کے ساتھ لگا کر اس کے سامنے جائے جونہی دونوں کی آنکھیں چار ہوں گی تو مطلوب طالب کی محبت میں وارفتہ ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

خاص عمل برائے حب:

اگر کسی کی خواہش ہو کہ کسی کو اس سے حد درجہ محبت والفت ہو جائے تو اس مقصد کے لئے کہ "حضرت سلیمان علیہ السلام کا ہدہد جائے اور فلاں بن فلاں کو بلائے" کا عمل کرے۔

طریقہ اس کا کچھ یوں بیان کیا گیا ہے کہ ایک چھپکلی ایسی بھی ہوتی ہے جس کی دو دمیں ہوتی ہیں مگر اس کا حصول بہت مشکل ہوتا ہے کیونکہ ایسی چھپکلی سینکڑوں ہزاروں میں ہی ملا کرتی ہے۔ ہاں اگر جس کو ایسی چھپکلی حاصل ہو جائے تو وہ یہ عمل کر کے اپنے نیک مقاصد میں ضرور بہ ضرور کامیاب ہو سکتا ہے۔

[illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	بجیس
[illegible]	عدعد	مدات	صفورہ

[illegible]

متفرق عملیاتِ حب

پر اثر وظیفہ برائے حب:

اس دعائے [illegible] کی حضرت قطب المدار شاہ بدیع الدین مدار ادام اللہ انوار نے دعوت دی ہے اور یہ دعا حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی نہایت مجرب اور مفید ہے جس کام کی انجام دہی کے لئے پڑھا جائے ہر ایک کی مراد بر آئے ایک سو ایک مرتبہ کسی کھانے والی چیز پر پڑھا جائے جو آگ پر نہ پکائی گئی ہو جیسے کچا دودھ میوہ، انگور، بادام، کشمش، چھوہارے وغیرہ پڑھ کر جس کو کھلائے وہ اس کا کلمہ پڑھے۔

حضرت شاہ مدار رحمۃ اللہ علیہ کی کرامت ہے کہ آپ کے مزار پر انوار پر بھی پکا ہوا کھانا نہیں جاتا ہے اس باعث سے اس عمل کی بلا پکے کھانے پر اجازت معلوم ہوتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ بَشْمَعْ وَالْاَعَامُ شِطِطُوْنَ اَللّٰھُمَّ

پڑھے جو کھائے وہی مسخر ہو جائے۔

اپنے عشق میں بے قرار کرنے کے لئے۔

محمد غوث گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو اپنے عشق میں بے قرار

محبت کی تسبیح

مندرجہ ذیل آیت کریمہ کو ایک کاغذ پر زعفران وگلاب اور مشک سے باوضو حالت میں لکھیں۔

اب اتنا خالص موم لیں جس سے سو دانے عام تسبیح کے بنائے جا سکیں اس موم کو نیم گرم کر کے اس میں اچھی طرح یہ کاغذ کوٹ کوٹ یک جان کر دیں۔ اس کے بعد اس کے یکساں انداز کے سو دانے بنائیں اور بطریق معروف تسبیح بنا لیں اس تسبیح پر سو مرتبہ یہی آیت پڑھیں نام طالب اور مطلوب کا لازمی لیں۔

پڑھنے کے بعد اس کو کسی پلیٹ میں ڈورا توڑ کر بکھیر دیں اور مطلوب کا حال دیکھیں۔

اگر بے قرار ہے تو بس کریں ورنہ کامل اکیس روز عمل کریں اس کے بعد اس کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ایسی محبت ہو کہ سب رشک کریں۔

اگر کوئی شخص اتنی دور ہے کہ فوراً نہیں آ سکتا تو اتنا انتظار کرے کہ جتنی مسافت ہے۔

نوٹ:۔ یہ عمل کوئی صاحب غیر شرعی مقاصد کے لیے نہ کریں ورنہ آپ ذمہ دار ہوں گے، اور نہ ہی بغیر اجازت کریں۔

آیت مبارکہ یہ ہے:

الحب فلان بن فلان علی القلب فلان بحق لقد جاء
کم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص
علیکم بالمومنین روف رحیم فان تولو فقل حسبی
اللہ لا الہ الا الا هو علیہ توکلت وھو رب العرش
العظیم۔

تعویز الحب:

ذیل کے نقش مبارک کو چھیاسٹھ یوم تک روزانہ ساعت مشتری یا قمر میں زعفران وگلاب ومشک سے لکھیے اور گولیاں آٹے میں بنا کر روزانہ دریا میں بہائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم محبت بے حد زیادہ اور بے پناہ ہوگی۔

نقش مبارک یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سلام ١٣١	قولا ١٣٧	من رب ٣٩٢	الرحیم ٢٦٧
من رب ٢٧٢	الرحیم ٢٥٨	سلام ١٣	قولا ١٣٧
الرحیم	من رب	سلام	الرحیم
قولا ١٣٧	من رب ١٣١	الرحیم ١٥٨	من رب ٢٩٢

عمل برائے حُب:

ذیل میں دیا ہوا عمل حب کے لئے انتہائی پر اثر ہے جائز مقصد کے لیے اس عمل کو کرنے کی اجازت ہے اگر آپ سے کوئی افسر کسی وجہ سے ناراض ہو گیا ہو اور کسی طرح راضی نہ ہوتا ہو اور آپ اس کو اپنا گرویدہ بنانا چاہتے ہوں اور اس کے دل میں آپ کے بارے میں جو غلط فہمی یا نفرت ہے وہ دور کرنا چاہتے ہیں تو شروع چاند جمعہ کے دن نماز فجر کے بعد تھوڑی سی چینی سامنے رکھ کر سورہ یٰسین پڑھیں مگر جب مبین پر پہنچیں تو صرف جملہ مبین کی ایک سو دو مرتبہ تکرار کریں یعنی ایک مرتبہ تو قرآن پاک میں ہے اس کے علاوہ ایک سو دو مرتبہ پڑھیں۔

سورہ یٰسین میں سات مقامات پر مبین ہے تو کل مبین علاوہ قرآن پاک کے سات سو چودہ مرتبہ ہوگی ہر مرتبہ مبین پڑھ کر اس چینی پر پھونک دیا کریں بعد ختم اس چینی کو احتیاط سے رکھیں اور جب موقع ملے کسی ایسی چیز میں گھول کر پلا دیں یا ملا کر کھلا دیں کہ جس سے کسی قسم کا شک پیدا نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس چینی کے پیٹ میں جانے کے بعد اس کے دل میں آپ کی محبت پیدا ہوگی چینی کی مقدار اس قدر ہونی چاہئے کہ جس سے ایک چائے کا کپ یا کوئی مختصر چیز میٹھی ہو سکے باقی چینی کی کمی بیشی آپ کے اختیار میں ہے جس شخص کو مسخر کرنے کی غرض سے عمل کریں تو یہ چینی صرف اسی شخص کے لیے کارآمد ہے چینی پر دم کرتے وقت اس شخص کا نام لے کر ذیل کی دعا کریں۔

دعا یہ ہے:

"الٰہی فلاں بن فلاں کے دل میں میری طرف سے محبت کی مٹھاس بھر دے۔"

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی محبت کے لیے یہ عمل انتہائی مجرب اور مفید ہے مگر ہمیشہ جائز کام میں کیا جائے۔

باہمی محبت کے لیے:

اگر کوئی چاہے کہ دو افراد کے مابین محبت اور دوستی میں بے حد اضافہ ہو یا میاں بیوی کے درمیان ہر وقت ناچاقی کیفیت رہتی ہو اور کسی بھی طرح میاں بیوی کا سلوک و اتفاق نہ ہوتا ہو تو ہر وقت گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل تعویذ باوضو حالت میں مشک اور زعفران کے ساتھ اس طرح لکھیں کہ تعویذ کے ساتھ اس کی ماں کا نام اور نام حب فلاں بن فلاں لکھیں اور پانی میں گھول کر پلائیں یا کسی کھانے والی چیز میں ملا کر کھلا دیں انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دونوں کے مابین خوب محبت اور پیار کی فضاء پیدا ہو جائے گی۔

تعویذ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۹۹۷ ع	۶۸۶ ع	۳ ع	۱۲۱۰۸ ع
۹۱۱۹ ع	۱۲۱۳ ع	۹۱۳۱ ع	۱۹۱۶ ع
۱۹۱۶ ع	۳۱۱۳ ع	۹۱۱۳ ع	۱۹۱۰ ع

حب دیر بی:

یہ عمل علامہ دیربی سے منسوب ہے علامہ موصوف نے اسے اپنی تصنیف "فتح المجید" میں اس طرح تحریر کیا ہے۔

مطلوب کا نام علیحدہ علیحدہ حرفوں میں لکھو اور ایک علیحدہ کاغذ پر حروف آتشی لکھو پھر مطلوب اور حروف آتشی کو امتزاج دو پہلے حرف آتشی پھر مطلوب کے نام کا حرف چنانچہ حروف آتشی سات ہیں جس قدر حروف زیادہ ہوں سب کو لکھ کر آخر میں حروف آتشی جو کہ ایک باقی ہو لکھ دو اس طرح ایک سطر بن جائے گی اب اس سطر میں جس قدر حروف ہوں ان کو تین گنا کر دو اس تعداد کے مطابق علیحدہ علیحدہ کاغذ کے ٹکڑوں پر اس سطر کو لکھو اور ہر ٹکڑا پر ذرا ذرا سا زعفران رکھ کر ان کاغذوں کی علیحدہ علیحدہ پڑیاں بنالو۔

پھر کوئلہ دہکا کر پہلے آگ پر خوشبو ڈالو، جب اس خوشبو کا دھواں اٹھنے لگے تو ایک پڑیا اس میں ڈال دو اور جو تعداد تم نے ان حروف کے سہ گنا کرنے سے حاصل کی ہے یعنی جتنی تم نے پڑیاں بنائی ہیں اسی تعداد میں تم ذیل کا عمل پڑھو۔

عمل یہ ہے:

وَقَالَ الَّذِیْنَ سے لے کر حِجْرًا مَّحْجُوْرًا تک

الفرقان (نام مطلوب معہ والدہ)

والقا محبتی فی قلبہ (نام مطلوب معہ طالب) بحق بسم

اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین

یہاں یہ خیال رہے کہ رحیم کی میم اور الحمد کا ل آپس میں مل جائے یعنی ملحمد کر کے پڑھو۔

جب یہ تعداد ختم ہو جائے تو دوسری پڑیا ڈالو پھر اتنی ہی مرتبہ عمل پڑھو یہاں تک کہ سب پڑیاں ختم ہو جائیں عمل کے دوران دھوئیں کا سلسلہ منقطع نہ ہونے پائے کم و پیش ہو تو کوئی حرج نہیں۔ دھوئیں کا تسلسل ٹوٹنے سے عمل بے کار ہو جائے گا۔

اسے جاری رکھنے کے لیے خوشبودار صندل کا برادہ، لوبان یا کوئی اور خوشبو بھی استعمال کی جا سکتی ہے عمل کی تعداد بڑھائی ہوئی ہوگی اور اتنے ہی دنوں کا عمل ہوگا دوران عمل مطلوب کی حاضری کا تصور رہے۔

شدید حب:

اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ کوئی بھی شخص اس سے شدید محبت کرے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اگر وہ شخص کسی میٹھی چیز پر لفظ "یا بدوح" لکھ کر کسی بھی شخص کو کھلائے وہ اس کو بہت چاہنے لگے اور اس سے محبت کرنے لگے گا اور اگر وہ لفظ "بدوح" چھری پر لکھ کر کوئی چیز اس چھری سے کاٹ کر کسی بھی شخص کو کھلائے تو وہ شخص اس سے محبت کرنے لگے گا۔

برائے حُب:

عروج ماہ میں بدھ یا جمعرات یا جمعہ سے شروع کرے ایک وقت معین کر

کے مخفوظ جگہ میں اطمینان قلب اور طہارت کامل کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ مزمل شریف کو تین بار اور دوسری رکعت میں پانچ بار پڑھے بعد از سلام کے اپنی حاجت کے واسطے دعا کرے۔ اگر محبت کے واسطے پڑھتا ہے تو اثنائے عمل میں معشوق کی صورت کا خیال رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند روز میں جو حاجت ہوگی پوری ہوگی۔

حُب کے لیے:

اگر کسی کے دل میں محبت پیدا کرنی ہو یا کہنا نہ ماننے والی اولاد کے دل میں محبت و اطاعت پیدا کرنی ہو تو ذیل کا عمل اس کے لیے بے حد مفید اور نافع ہے۔ چھلی، شہد، کھجور، کشمش، بادام، چاریل اور دودھ یہ سات اشیاء ہم وزن لے کر ان پر باری باری سات مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھ کر دم کریں اور بعد میں ان کو باہم ملا کر ان کو پکائیں اور پکوان کو مطلوب کو کھلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے اس کے دل میں محبت و الفت اور فرمانبرداری پیدا ہو جائے گی اور عمل کرنے والے کی ہر بات کو مانے گا اور تابعداری کرے گا یہی عمل دو بھائیوں کے درمیان نفرت کو دور کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

برائے حب:

جو کوئی اپنے نام اور اپنی والدہ کا نام مطلوب بمعہ اس کی والدہ کے نام کے اعداد سب کو جمع کر کے کل اعداد کے مطابق مندرجہ ذیل آیت شروع ماہ میں تین روز تک پڑھے اور روغن چنبیلی پر دم کر کے اپنے سر میں ڈال کر مطلوب کے سامنے جاوے محبت سے پیش آئے گا۔

آیت یہ ہے۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَفْعَلُوْنَ

محبت کا عمل:

جو عورت اپنے شوہر کی نظر میں ہر دلعزیز رہنا چاہے اُس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے نقش کو زعفران وگلاب ومشک سے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر لکھے اور خوشبو لگا کر موم جامہ کریں اور اپنے پاس رکھے اور ہر جمعے کے دن پہلی ساعت میں اس کو لکھ کر کسی بھی چیز میں ملا کر شوہر کو پلا دیا کرے شوہر اس کا دیوانہ ہو جائے، آزمالے جس کا جی چاہے۔

نقش یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۰۰۹	۲۰۱۳	۲۰۱۶	۲۰۰۴
۲۰۱۵	۲۰۰۳	۲۰۰۸	۲۰۱۴
۲۰۰۴	۲۰۱۸	۲۰۱۱	۲۰۰۷
۲۰۱۲	۲۰۰۶	۲۰۰۵	۲۰۱۷